قال فی اللآلی قلت اخرجه الحکیم الترمذی
وابو یعلی وابن عدی والطبرانی فی الاوسط و
البیهقی فی شعب الایمان من طریق معویة المذکور
وقد روی نحوه الطبرانی عن انس مرفوعا وقد
حسن حدیث ابی هریرة النووی **حدیث**
ان السلام اسم من اسماء الله تعالی وضعه فی
الارض تحیة لاهل دیننا وامانا لاهل
ذمتنا رواه الطبرانی عن ابی هریرة مرفوعا
وفی اسناده کذاب وقد روی من حدیث ابی امامة
وانس وابن مسعود وغیرهم کما قاله فی اللآلی
حدیث اذا صافح المؤمن المؤمن نزلت
علیهما مائة رحمة تسعة وتسعون لابشهما
واحسنهما لقاء رواه الخطیب عن ابی هریرة مرفوعا
وفی اسناده محمد بن عبد الله الاشنانی وهو
وضاع ورواه البیهقی فی الشعب عن عمر مرفوعا
حدیث ما من مسلم یعطس عطسة فقال
الحمد لله الا خلق الله من عطاسه ملکا یحمد الله
عز وجل الی یوم القیمة فی اسناده متهم بالوضع
حدیث ثلث لا ینجو منهن احد الظن و
الطیرة والحسد قال فی المقاصد فیه
ضعیفان **حدیث** ان الله اعطانی نهرا فقال
له الکوثر فی الجنة لا یدخل احد اصبعیه فی اذنیه
الا سمع خریره ذکره فی المقاصد **حدیث**
الناس سواء کاسنان المشط وانما یتفاضلون
بالعافیة والمرء کثیر باخیه یرفده ویکسوه

کہا لآلی مین مین کہتا ہون اسکو حکیم ترمذی اور ابو یعلی اور ابن
عدی اور طبرانی نے اوسط مین اور بیہقی نے شعب الایمان مین
طریق معاویہ مذکور سے روایت کیا ہی اور اوسکی مثل طبرانی نے
انس سے مرفوعا روایت کی ہے اور ابو ہریرہ کی حدیث کو نووی نے
حسن کہا ہے **حدیث** سلام اللہ تعالی کے نامون سے ایک نام
ہے اوسکو اللہ تعالی نے زمین مین ہمارے اہل دین کے لیے تحفہ رکھا ہے
اور ہمارے ذمیون کے لیے امانت اس کو طبرانی نے ابو ہریرہ سے
مرفوعا روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین کذاب ہی اور یہ حدیث
ابی امامہ اور انس اور ابن مسعود وغیرہ سے مروی ہے جیسا کہ
لآلی مین مذکور ہے **حدیث** جب مومن مومن سے مصافحہ
کرتا ہے اون دونو پر سو رحمت نازل ہوتی ہے ننانوے رحمتین
اوسکے واسطے جو ملاقات کے وقت زیادہ بشاش اور خوش رہتا ہو اسکو
خطیب نے ابو ہریرہ سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین
محمد بن عبد اللہ اشنانی ہے اور وہ وضاع ہے اور اسکو بیہقی
نے شعب مین عمر سے مرفوعا روایت کیا ہی **حدیث** جو مسلمان
چھینکے اور الحمد للہ کہے اللہ تعالے اوس چھینک سے فرشتہ
پیدا کرتا ہے جو قیامت تک اللہ بزرگ اور غالب کی تعریف
کرتا رہتا ہے اسکی اسناد مین ایک راوی متہم بالوضع ہے
حدیث تین چیزون سے کوئی شخص خلاصی نہین پا سکتا
ہے ظن اور فال اور حسد کہا مقاصد مین اسمین دو ضعیف
ہین **حدیث** اللہ تعالے نے مجھے ایک نہر جنت مین دی ہے
جسکا نام اللہ نے کوثر رکھا ہے جو کوئی اپنی دو انگلیان دونون
کانون مین داخل کرے اوسکا آواز سن لیتا ہی یہ مقاصد مین مذکور ہے
حدیث آدمی برابر ہین مثل کنگھی کے دانتون کی لیکن ایک
دوسرے پر عافیت سے فضیلت رکھتے ہین اور آدمی اپنے بھائی سے بہت ہے اسلیے کہ

ويحمله ولا خير في صحبة من لا يرى لك مثل ما
ترى له رواه ابن عدي عن انس مرفوعاً وقال
وضعه سليمان بن عمرو وقال في اللآلي له طريق اخر
اخرجه الحسن بن سفين في مسنده فذكرها من
حديث سهل بن سعد **حديث** ان الخلق
الحسن طوق من رضوان الله في عنق صاحبه
والطوق مشدود الى سلسلة من رحمة الله
والسلسلة مشدودة الى حلقة من ابواب الجنة
حيث ما ذهب الخلق الحسن جرته السلسلة
الى نفسها وان الخلق السئ طوق من سخط الله
والسلسلة مشدودة الى حلقة من ابواب النار
حيث ما ذهب الخلق السئ جرته السلسلة
الى نفسها في اسناده عبد الله بن محمد بن الحسن
البلخي وضاع **حديث** ان العجم يبدؤن
بكبارهم اذا كتبوا اليهم فاذا كتب احدكم
فليبدأ بنفسه رواه العقيلي عن ابي هريرة مرفوعاً
وهو موضوع وفي اسناده مجهول وهو محمد
بن عبد الرحمن القشيري وقد رواه الطبراني
في الاوسط من طريق اخر اذا كتب احدكم
الى انسان فليبدأ بنفسه واذا كتب فليترب
كتابه فهو انجح ورواه الطبراني ايضاً في الكبير
عن النعمان بن بشير وقد روى ابو داود وابن
ابي شيبة ان العلاء بن الحضرمي كان عامل
النبي صلى الله عليه وآله وسلم على البحرين و
كان اذا كتب اليه بدأ بنفسه وكان هذا هو

اسکو اُٹھاتا ہی اور اوس شخص کی صحبت مین بھلائی نہین جو
تیرے لیے نہ دیکھی جو تو اوسکے لیے دیکھتا ہی اسکو ابن عدی نے انس
سے مرفوعاً روایت کیا ہی اور کہا اسکو سلیمان بن عمرو نے بنایا ہی
اور کہا لآلی مین اسکے لیے اور طریقہ ہے جسکو حسن بن سفیان نے
مسند مین نکالا ہی اوسنے اسکو سہل بن سعد سے ذکر کیا ہے **حدیث**
نیک خلق اللہ تعالی کی رضا کا اسکے صاحب کی گردن مین طوق ہے
اور طوق اللہ تعالی کی رحمت کی زنجیر سے باندھا ہوا ہے اور وہ زنجیر
جنت کے دروازون کے حلقہ سے باندھا ہوا ہی جسجگہ خلق حسن والا
جائے اوسکو وہ زنجیر اپنے نفس کیطرف کھینچ لیتا ہی اور برا خلق اللہ
تعالے کے غصہ کا طوق ہے اور زنجیر دوزخ کے دروازون
کے حلقہ سے باندھا ہوا ہے جسجگہ بری خلق والا جائے اوسکو وہ زنجیر
اپنے نفس کیطرف کھینچ لیتا ہے اسکی اسناد مین عبد اللہ بن محمد
بن حسن البلخی وضاع ہے **حدیث** عجمی لوگ اپنے
بڑون سے شروع ہوتے ہین جب انکی طرف لکھتے ہین
اور جب تم سے کوئی لکھے تو چاہیے کہ اپنے نفس سے شروع
کرے اسکو عقیلی نے ابی ہریرہ سے مرفوعاً روایت کیا ہی اور یہ موضوع
ہے اور اسکی اسناد مین مجہول ہی اور وہ محمد بن عبد الرحمن
القشیری ہے اور اسکو طبرانی نے اوسط مین دوسرے طریق
سے روایت کیا ہی جب کوئی تمسے کسی آدمی کیطرف لکھے تو چاہیے کہ اپنے
نفس سے شروع کرے اور جب لکھے تو اپنے خط کو مٹی لگاوے یہ بہت بھلا
ہے طبرانی نے بھی کبیر مین نعمان بن بشیر سے روایت کی
ہے اور ابو داؤد اور ابن ابی شیبہ نے روایت کی ہے کہ علا بن
الحضرمی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا بحرین پر عامل تھا
جب اوس کی طرف کچھ لکھتے تو اپنے نفس سے
شروع کرتے - اور + + + + + + + + + + +

متن

المعلوم من حال الصحابة فمن بعدهم حديث
رد جواب الكتاب حق كرد السلام رواه ابن
عدی عن انس مرفوعا وهو موضوع وقد روى ابن
ابی شیبة فی مصنفه عن ابن عباس قال انی
لاری رد الكتاب علی حقا كرد السلام حديث
من نظر فی كتاب اخیه بغیر اذنه فانما ینظر
فی النار طرقه واهیة حديث من عیر
اخاه بذنب لم یمت حتی یعمله فی اسناده
كذاب وقد اخرجه الترمذی وحسنه فلا وجه
لذكره فی الموضوعات حديث استوصوا
بالغوغا خیرا فانهم یسدون البثوق ویطمون
الخنادق ویطفئون الحریق رواه ابن حبان
عن ابن عمر مرفوعا وقال موضوع افته محمد
ابن الخلیل الذهلی حديث البلاء
موكل بالمنطق فلو ان رجلا عیر رجلا برضاع
كلبة لرضعها رواه الخطیب عن ابن مسعود
مرفوعا وفی اسناده نصر بن باب وهو كذاب و
رواه الخطیب عن ابی هریرة مرفوعا بلفظ
البلاء موكل بالقول ما قال عبد لشیء لا والله
لا افعله ابدا الا ترك الشیطان كل عمل وولع
بذلك منه وفی اسناده كذاب وضاع رواه البیهقی
فی شعب الایمان حديث لو ادركت
والدی او احدهما وانا فی الصلوة صلوة العشاء
وقد قرأت فیها فاتحة الكتاب ینادی یا محمد
لاجبته هو موضوع افته یاسین بن معاذ

ترجمہ

پہر بات احوال صحابہ اور اونکے پیچھے والوں سے معلوم ہوتی ہے حديث
جواب خط کا رد کرنا حق ہے مثل سلام کے رد کرنیکی اسکو ابن عدی
نے انس سے مرفوعًا روایت کیا ہے اور یہ موضوع ہے اور ابن ابی شیبہ نے
مصنف میں ابن عباس سے روایت کی ہی کہا اونسے میں رد کرنا
جواب خط کا حق جانتا ہوں مثل سلام کے رد کرنے کی حديث
جو شخص اپنے بہائی کے خط میں بغیر اسکے اذن کے نظر کرے وہ آگ کی
طرف نظر کر رہا ہے اسکی سب طرق واہی ہیں حديث جو شخص
اپنے بہائی کو کسی گناہ کا عیب لگاوے وہ نہیں مرتا تا کہ وہ کام نہ کرلے اسکی
اسناد میں کذاب ہے اور اسکو ترمذی نے ذکر کیا ہے اور حسن کہا ہے
پس اسکے ذکر کرنے کی موضوعات میں کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی حديث
انبوہ کو وصیت بہلائی کی کرو اسلیے کہ یہ نہروں کو باندہتے ہیں اور
خندقیں کہودتے ہیں اور آگ بجہاتے ہیں اسکو ابن حبان نے ابن عمر سے
مرفوعًا روایت کیا ہے اور کہا موضوع ہے آفت اسکی محمد بن الخلیل
الذہلی ہے حديث مصیبت ساتہہ بولنے کے چہوڑی گئی
ہے پس اگر کوئی شخص کسی کو کتے کے دودہ پینے کا عیب لگاوے البتہ وہ
بہی اوسکا دودہ پیوے گا اسکو خطیب نے ابن مسعود سے مرفوعًا روایت
کیا ہے اور اسکی اسناد میں نصر بن باب ہے اور وہ کذاب ہے اور خطیب
نے ابو ہریرہ سے مرفوعًا ساتہہ ان الفاظ کے روایت کی ہے مصیبت
ساتہہ قول کے چہوڑی گئی ہے نہیں کہتا کوئی آدمی کسی شی کے حق
میں قسم ہے اللہ کی میں اسکو ہمیشہ نکروں گا مگر شیطان سب کام چہوڑ
دیتا ہے اور بسبب اسکے اس سے ورغلاتا ہے اور اسکو بیہقی نے شعب الایمان
میں روایت کیا ہے حديث اگر میں اپنے ماں باپ کو پاؤں یا ان دونوں
سے ایک کو نماز عشا کی حالت میں پاؤں حالانکہ میں فاتحۃ الکتاب
پڑہ چکا ہوں وہ مجہے آواز دے اے محمد البتہ میں اوسکو
جواب دوں۔ یہ موضوع ہے آفت اسکی یاسین بن معاذ ہے

ادرکت سے یعنی پالیا میں نے ۱۲

حدیث اذا ترک العبد الدعاء للوالدین فانہ منقطع عن الولد الرزق فی الدنیا رواہ الحاکم عن انس مرفوعا وفی اسنادہ احمد بن خالد الجویباری متہم **حدیث** من قبل بین عینی امہ کان لہ سترا من النار رواہ ابن عدی عن ابن عباس مرفوعا وقال انہ منکر اسنادا ومتنا **حدیث** الشاب الذی حضرہ الموت فلم یستطع ان یقول لا الہ الا اللہ وکان عاقا لامہ فدعاہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرضیت عنہ فقال الشاب لا الہ الا اللہ رواہ العقیلی عن عبد اللہ بن ابی اوفی مرفوعا وفی اسنادہ متروک وکذاب ولہ طرق اخری **حدیث** صلوا قراباتکم ولا تجاوروہم فان الجوار یورث الضغائن رواہ العقیلی عن ابی موسی مرفوعا وفی اسنادہ مجہول وضعیف **حدیث** الرجل الذی شکی علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہ لا ثوب لہ فقال الک جیران قال نعم قال فمنہم احد لہ ثوبان قال نعم قال ویعلم ان لا ثوب لک قال نعم ولا یعود علیک باحد ثوبیہ قال لا قال ما ذلک باخیک فی اسنادہ وضاع **حدیث** ما احسن الہدیۃ امام الحاجۃ رواہ الدارقطنی فی غرائب مالک عن انس مرفوعا وقال ہو باطل ولہ طرق اخری **حدیث** اذا اتی احدکم

حدیث جب کوئی آدمی والدین کیلیے دعا چہوڑ دیوے تو اولاد سے دنیا مین رزق منقطع ہو جاتا ہی اسکو حاکم نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین احمد بن خالد الجویباری متہم ہے - **حدیث** جو شخص اپنی مان کی آنکہون کے درمیان بوسہ دیوے وہ اوسکے لیے آگ سے پردہ ہو جاتا ہی اسکو ابن عدی نے ابن عباس سے مرفوعا روایت کیا ہی اور کہا اسکا اسناد اور متن دونون منکر ہین **حدیث** وہ جوان جسکو موت حاضر ہوئی تھی اور لا الہ الا اللہ کہنے کی طاقت نہ رکہتا تہا اور وہ اپنی مان کا عاق تہا اوسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بولایا وہ اوس سے راضی ہوئی پہر جوان نے لا الہ الا اللہ کہا - اسکو عقیلی نے عبد اللہ بن ابی اوفی سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین متروک اور کذاب ہی اور اسکے لیے اور طرق بہی ہین **حدیث** اپنی قرابتیون سے وصل کرو اور اونکی ہمسائگی کرو اسلئے کہ وہ عداوت پیدا کرتی ہے اسکو عقیلی نے ابی موسی سے مرفوعا روایت کیا ہی اور اس کی اسناد مین مجہول اور ضعیف ہے **حدیث** جس شخص نے رسول اللہ صلے اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کی طرف عدم کپڑے کا شکوہ کیا - اسکو آنحضرت نے فرمایا کیا تیرا کوئی ہمسایہ ہے - کہا اوس نے ہان کیا کسی کے واسطے اون سے دو کپڑے ہین کہا ہان فرمایا کیا وہ جانتا ہے کہ تیرا کپڑا کوئی نہین کہا ہان فرمایا کیا تجہکو ایک کپڑا نہین دیتا کہا نہین فرمایا کہ اوسوقت وہ تیرا بہائی نہین ہے اسکی اسناد مین وضاع ہے **حدیث** حاجت سے پہلی ہدیہ کیا اچہا ہے اسکو دارقطنی نے غرائب مالک مین انس سے مرفوعا روایت کیا ہے اور کہا یہ باطل ہے اور اسکے لیے اور طرق ہین **حدیث** جب تم مین سے کسی کے پاس

بهدية فجلساؤه شركاؤه فيها رواه الخطيب
عن ابن عباس مرفوعا وفي اسناده كذاب وقد
رواه ابونعيم في الحلية من غير طريقه و
كذلك البيهقي في سننه وعلقه البخاري في
صحيحه **حديث** لرد دانق من حرام
يعدل عند الله سبعين الف حجة وفي لفظ
سبعين حجة هو موضوع **حديث**
يؤمر يوم القيمة بناس الى الجنة حتى اذا دنوا
منها ونظروا اليها واستنشقوا ريحها ونظروا
الى ما اعد الله لاهلها نودوا ان اصرفوهم
عنها لا نصيب لهم فيها فيرجعون بحسرة ما رجع
احد بمثلها الخ رواه الحسن بن سفيان عن عدي
ابن حاتم مرفوعا قال ابن حبان باطل لا اصل له
وفي اسناده ابوجنادة حصين بن المخارق يضع
وقد رواه البيهقي في الشعب من غير طريقه
حديث اذا اغتاب احدكم اخاه
فليستغفر الله تعالى فانها كفارة له رواه ابن
عدي عن سهل بن سعد مرفوعا وقال وضعه
سليمان بن عمرو وقد رواه ابن ابي الدنيا عن
انس مرفوعا وفي اسناده عنبسة بن عبد الرحمن
القرشي متروك ورواه البيهقي في الشعب من
طريقه وقال اسناده ضعيف وكذلك اقتصر
العراقي في تخريج الاحياء على تضعيفه ورواه
الدارقطني عن ابن عباس مرفوعا وقال انفرد
به حفص بن عمر الابلي وهو ضعيف **حديث**

ہدیہ آئے تو ہمنشین اسکے اوسمین شریک ہین اسکو خطیب نے ابن عباس
سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین کذاب ہی اور اسکو
ابونعیم نے حلیہ مین غیر اس طریق سے روایت کیا ہے اور ایسا ہی بیہقی
نے سنن مین اور بخاری نے صحیح مین معلق کیا ہی **حدیث**
ایک دمڑی حرام کا رد کرنا اللہ تعالی کے نزدیک ستر ہزار حجون
کے برابر ہوتا ہے اور ایک لفظ مین ستر حجون کے یہ موضوع
ہے **حدیث** کچھہ آدمیون کو قیامت کے دن جنت کی
طرف حکم کیا جائیگا۔ یہانتک کہ جب اوسکے نزدیک پہونچین
گے اور اوسکی طرف نظر کرین گے اور اوسکی بو سونگھین گے
اور اوس چیز کی طرف جو اللہ تعالے نے اوسکے اہلون کے لیے
تیار کیا ہے دیکھین گے آواز دیجائینگے کہ انکو اس سے لوٹا دو
انکا اسمین کچھہ حصہ نہین ہے پس اسقدر حسرت سے لوٹین گے کہ اونکی مثل
کوئی حسرت سے نہین لوٹا الخ اسکو حسن بن سفیان نے عدی بن حاتم سے
مرفوعا روایت کیا ہی کہا ابن حبان نے باطل ہی اسکا کچھہ اصل نہین اور
اسکی اسناد مین ابوجنادہ حصین بن المخارق وضاع ہی اور اسکو بیہقی نے
شعب مین غیر اس طریق سے روایت کیا ہی **حدیث** جب کوئی تمسے اپنے
بہائی کی غیبت کرے پس اللہ تعالے سے بخشش مانگے اسلیے کہ یہ اسکے واسطے
کفارہ ہی اسکو ابن عدی نے سہل بن سعد سے مرفوعا روایت کیا ہی اور
کہا اسکو سلیمان بن عمرو نے بنایا ہی اور اسکو ابن ابی الدنیا نے
انس سے مرفوعا روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین عنبسہ بن عبدالرحمان
القرشی متروک ہی اور بیہقی نے شعب مین اس طریق سے روایت
کیا ہے اور کہا اسناد اسکی ضعیف ہی اور ایسا ہی عراقی نے
تخریج الاحیا مین اسکی تضعیف پر ہی اقتصار کیا ہی اور اسکو
دارقطنی نے ابن عباس سے مرفوعا روایت کیا ہی اور کہا حفص
بن عمر الابلی ساتھہ اسکے متفرد ہوا ہی اور وہ ضعیف ہی **حدیث**

اذا كان يوم القيمة جئ بالتوبة فى احسن صورة واطيب ريح فلا يجد ريحها الا مؤمن الخ رواه ابو نعيم عن عمر مرفوعا وهو موضوع **حديث** ان رجلا من الانصار يقال له ثعلبة بن عبد الرحمن السلمى وكان يخدم النبى صلى الله تعالى عليه وآله وسلم وذكر حديثا طويلا فى ذنبه و توبته رواه بطوله ابو نعيم وهو موضوع **حديث** انه صلى الله تعالى عليه وآله وسلم قال لاسامة عليك بطريق الجنة واياك ان تختلج دونها فقال يا رسول الله ما اسرع ما يقطع به ذلك الطريق قال بالظما فى الهواجر الخ رواه الخطيب مطولا عن سعيد بن زيد وهو موضوع واكثر رجال اسناده لا يعرفون **حديث** ان الله وملئكته يترحمون على المقرين على انفسهم بالذنوب فى اسناده بشر بن ابراهيم وضاع **حديث** اذا قال العبد استغفر الله واتوب اليه ثم عاد ثم قالها ثم عاد كتبه الله فى الرابعة من الكذابين فى اسناده الفضل بن عيسى كذاب **حديث** اربع من الشقاء جمود العين و قساوة القلب و الحرص على الدنيا وطول الامل فى اسناده وضاعان **حديث** عقرت الرجل عقرك الله قاله لمن مدح رجلا قال فى المختصر لم يوجد **حديث** لو مشى رجل الى رجل بسكين مرهف كان خيرا له من ان يثنى عليه فى وجهه قال فى المختصر لم يوجد

جب قیامت کا دن ہوگا توبہ کو اچھی صورت اور اچھی خوشبو مین لایا جائیگا پس اوسکی بو سوائے مومن کے اور کوئی نہ پائیگا الخ اسکو ابو نعیم نے عمر سے مرفوعًا روایت کیا ہے اور یہ موضوع ہے **حدیث** ایک شخص انصار سے تھا اوسکا نام ثعلبہ بن عبد الرحمان سلمی تہا اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرتا تہا اوسنے لمبی حدیث اسکے گناہ اور توبہ کی حقیقت بیان کی بطولہ ابو نعیم نے روایت کی ہے اور یہ موضوع ہے **حدیث** رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے اسامہ کو فرمایا جنت کا رستہ لازم پکڑ اور بچ تو اوسکے ماسوائے کہٹکے سے کہا اوسنے یا رسول اللہ کیا چیز ہے جس سے یہ رستہ جلدی قطع کیا جائے فرمایا گرمی مین پیاس الخ اسکو خطیب نے بطولہ سعید بن زید سے روایت کیا ہے اور یہ موضوع ہے ۔ اور اکثر راوی اسناد کے مجہول ہین **حدیث** اللہ تعالی اور اوسکے فرشتے اپنی گناہون کے اقرار کرنیوالون پر رحمت بھیجتے ہین اسکی اسناد مین بشر بن ابراہیم وضاع ہے **حدیث** جب کوئی آدمی کہے مین اللہ تعالی سے بخشش مانگتا ہون اور اوسکی طرف رجوع کرتا ہون پہر اعادہ کرے پھر یہ کہے پھر اعادہ کرے پہر یہ کہے اعادہ کرے اوسکو اللہ تعالی کذابون مین لکہتا ہے اسکی اسناد مین فضل بن عیسی کذاب ہے **حدیث** چار چیزین بدبختی سے ہین آنکہون کا جم جانا (یعنے نہ رونا) اور دلکا سخت ہونا اور دنیا کی حرص کرنا اور امید کا لمبا ہونا اسکی اسناد مین دو وضاع ہین **حدیث** تونے آدمی کو زخمی کیا تجہہ اللہ تعالی زخمی کرے یہ اوس شخص کو کہا جسنے ایک آدمی کی مدح کی تہی کہا مختصر مین نہین پائی گئی **حدیث** اگر کوئی آدمی تیز چہری لیکر کسی آدمی کی طرف چلے یہ اوسکے لیے بہتر ہے کہ اوسکے منہ پر اوسکی صفت کرے کہا مختصر مین نہین پائی گئی

حديث من صلى الفجر في جماعة وخرج
من المسجد فمر بعشرين نفسا فسلم عليهم ثم
مات ذلك اليوم غفر الله له في اسناده كذاب
حديث من لقي اخاه عند الانصراف
من الجمعة فليقل تقبل الله منا ومنك فانها
فريضة اديتموها الى ربكم في اسناده كذاب
حديث من كثر شيئه كثر شغله ومن
كثر شغله اشتد حرصه ومن اشتد حرصه كثر
همه ومن كثر همه نسي به رواه الخطيب عن
علي مرفوعا وقال هذا الحديث منكر تفرد بروايته
علي بن محمد الصائغ وهو ضعيف جدا عن
الكسائي وهو مجهول وقال الذهبي في الميزان و
الدارقطني في غرائب مالك انه باطل **حديث**
ما منكم من احد غني ولا فقير الا يود يوم القيمة
انه اوتي من الدنيا قوتا رواه ابن حبان عن انس
مرفوعا وفي اسناده نفيع عن انس ونفيع متروك
قال في اللآلي قلت اخرجه احمد في مسنده وابن
ماجة من هذا الطريق وله شاهد عن ابن
مسعود رواه الخطيب بلفظ قال رسول الله صلى
الله عليه واله وسلم ما من احد الا وهو يتمنى يوم
القيمة انه يأكل في الدنيا قوتا **حديث**
ان اردت ان تلقى الله وهو عنك راض فلا تجمع
شيئا ادخرته ولا تمنع شيئا سئلته رواه الخطيب
عن بلال مرفوعا وفي اسناده عمر بن راشد وهو
وضاع وقد روى الطبراني عن ابن مسعود مرفوعا

حدیث جو شخص فجر کی نماز جماعت کی ساتھ پڑھ کر مسجد سے
نکلے پھر بیس آدمیوں پر گذرے اور انکو سلام کہے پھر اوس دن
مین مر جائے اوسکو اللہ تعالے بخشدیتا ہے اسکی اسناد مین کذاب ہے
حدیث جو شخص اپنے بھائی کو جمعہ سے لوٹتے وقت ملے اور کہے
ہمسے اور تمسے اللہ تعالے قبول کرے اسلیے کہ یہ فرض ہے جسکو تم نے
اپنے رب کیطرف ادا کیا اسکی اسناد مین کذاب ہے **حدیث**
جسکا کام کاج زیادہ ہو اوسکو شغل بہت ہوتا ہے اور جسکا شغل
بہت ہو اوسکی حرص زیادہ ہوتی ہے اور جسکی حرص زیادہ ہو
اوسکا غم زیادہ ہوتا ہے اور جسکا غم زیادہ ہو وہ اپنے رب کو بھول
جاتا ہے اسکو خطیب نے علی سے مرفوعا روایت کیا ہے اور کہا یہ حدیث منکر ہے
اسکی روایت کی ساتھ علی بن محمد الصائغ متفرد ہوا ہے اور وہ کسائی
سے بہت ضعیف ہے اور وہ مجہول ہے اور کہا ذہبی نے میزان مین اور
دارقطنی نے غرائب مالک مین یہ باطل ہے **حدیث**
کوئی تمسے نہین خواہ غنی ہو یا فقیر مگر وہ قیامت کے دن دوست
رکھیگا کہ وہ دنیا سے کھانا دیا جائے اسکو ابن حبان نے انس سے
مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین نفیع انس سے بیان کرتا ہے اور
نفیع متروک ہے کہا لآلی مین مین کہتا ہون اسکو احمد نے مسند مین اور
ابن ماجہ نے اس طریق سے نکالا ہے اور اسکی لیے ابن مسعود سے شاہد
ہے اور خطیب نے ان لفظون سے روایت کیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا ہے کوئی تم سے نہین مگر کہ وہ قیامت کے دن اس بات
کی خواہش کریگا کہ دنیا سے کچھ کھانا کھائے **حدیث** اگر تو
خواہش کرے کہ اللہ تعالے کو اوس حالت مین ملون کہ وہ مجھسے راضی
ہو تو کسی شے کو جو اوسنے تجھے دی ہے پوشیدہ نکر اور کسی سے
منع نکر (جسکی بابت تجھسے کسی نے) سوال کیا ہے اسکو خطیب نے بلال سے مرفوعا
روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین عمرو بن راشد ہے اور وہ وضاع ہے اور طبرانی نے

والبزار عن ابی هریرة مرفوعا ان النبی صلی الله
علیه وسلم قال لبلال انفق یا بلال ولا تخش
من ذی العرش اقلالا قال ابن حجر فی زوائده
واسناده حسن **حدیث** انه صلی الله
تعالی علیه واله وسلم قال لرجل من الانصار
وکیف تفلح والدنیا احب الناس علیک رواه
الخطیب عن جابر مرفوعا وفی اسناده داود بن
سلیمن بن جندل الهمدانی والحمل علیه فیه
حدیث من اصبح وهمه الدنیا فلیس من
الله فی شئ رواه الخطیب عن حذیفة
مرفوعا وفی اسناده اسحق بن بشر وهو وضاع
وقد اخرجه الحاکم فی المستدرک من طریقه
واستدرکه الذهبی علیه به **حدیث**
لو ان عبدا ادی جمیع ما افترض الله علیه الا انه
کان محبا للدنیا لنادی مناد یوم القیمة الا
ان فلانا احب ما ابغض الله رواه الخطیب عن
جابر مرفوعا قال النقاش هذا حدیث کذب
موضوع **حدیث** من اصبح محزونا علی
الدنیا اصبح ساخطا علی ربه ومن اصبح یشکو
مصیبة نزلت به فانما یشکو ربه ومن دخل
علی غنی فتضعضع له ذهب ثلثا دینه ومن
قرأ القران فدخل النار فهو ممن اتخذ ایت الله
هزوا رواه الخطیب عن ابن مسعود مرفوعا و
فی اسناده محمد بن القسم الطایکانی وهو وضاع
وقد روی من طرق **حدیث** لا خیر فیمن

اور بزار نے ابی ہریرہ سے مرفوعا روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم
نے بلال کو کہا اے بلال خرچ کر اور صاحب عرش سے کمی کا خوف نہ کر کہا
ابن حجر نے زوائد مین اسناد اسکی حسن ہے، **حدیث** رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو انصار سے کہا تو کس طرح
خلاصی پائیگا حالانکہ دنیا تیری طرف زیادہ محبوب ہے اے لوگون
سے تم پہیر اسکو خطیب نے جابر سے مرفوعا روایت کیا ہے اور
اسکی اسناد مین داؤد بن سلیمان بن جندل الہمدانی
ہے اور اسمین بوجہ اسکے ہے **حدیث** جس نے صبح دنیا کی
غم مین کی پس وہ اللہ تعالی سے کسی شئ مین نہین ہے، اسکو
خطیب نے حذیفہ سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین
اسحاق بن بشر ہے اور وہ وضاع ہے اور حاکم نے اسکو مستدرک
مین اس طریق سے روایت کیا ہے اور ذہبی نے اسی سے اس کا
تدارک کیا ہے **حدیث** اگر کوئی شخص تمام فرائض اللہ تعالی
کے ادا کرے مگر وہ دنیا سے محبت رکھتا ہو قیامت کے دن آوازہ
کرنیوالا آوازہ کریگا خبردار فلان آدمی اس چیز کو دوست رکھتا
تھا جس سے اللہ تعالی بغض رکھتا تھا اسکو خطیب نے جابر سے
مرفوعا روایت کیا ہے کہا نقاش نے یہ حدیث کذب موضوع ہے
حدیث جو شخص دنیا کے غم مین صبح کرے وہ صبح کرتا ہے اس
حالت پر کہ وہ رب پر غصہ کرنیوالا ہے اور جو شخص صبح کرے اس حالت
مین کہ وہ مصیبت کا شکوہ کرتا ہو وہ اوسپر نازل ہوتی ہے اسلیے کہ
وہ رب کا شکوہ کرتا ہے اور جو شخص غنی پر داخل ہوا اور اسکے پاس عاجزی
کرے اوسکی دو تہائی دین کی جاتی رہتی ہے اور جو قرآن پڑہے اور آگ مین
داخل ہوا تو وہ انسے ہے جنہون نے اللہ تعالی کی آیتون سے استہزا کیا ہے اسکو
خطیب نے ابن مسعود سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین محمد بن القاسم
الطایکانی ہے اور وہ وضاع ہے اور بہت طرق سے بھی مروی ہے **حدیث** نہین بہلائی

لا یجمع المال یصل به رحمه ویودی به عن امانته
ویستغنی به عن خلق ربه رواه ابن حبان عن
انس مرفوعا وفی اسناده العلاء بن مسلمة وهو
وضاع وقد رواه البیهقی فی الشعب **حدیث**
اوحی الله الی الدنیا ان اخدمی من خدمنی
واتعبی من خدمک رواه الخطیب عن ابن مسعود
وفی اسناده الحسین بن داؤد البلخی والحدیث
موضوع **حدیث** الناس علی ثلاث منازل
فمن طلب ما عند الله کانت السماء ظلاله و
الارض فراشه لم یهتم بشیء من امر الدنیا
فرغ نفسه لله فهو لا یزرع ویاکل الخبز وهو لا
یغرس ویاکل الثمر وذکر حدیثا طویلا رواه ابن
حبان عن ابن عمر مرفوعا وذکر انه وضعه ابراهیم
ابن عمر السکسکی **حدیث** ایما امرء اشتهی
شهوة فرد شهوته واثر علی نفسه غفر له رواه
الدارقطنی عن ابن عمر مرفوعا وهو موضوع وفی
المتهم به عمرو بن خالد ابو خالد الواسطی **حدیث**
ما تحت ظل السماء اله یعبد اعظم عند الله من
هوی متبع رواه الخرائطی عن ابی امامة مرفوعا
وهو موضوع **حدیث** لعن الله فقیرا
تواضع لغنی من اجل ماله رواه الازدی عن ابی ذر
مرفوعا وهو موضوع **حدیث** ان سرک
اللحوق بی فلا تجالسی الاغنیا ولا تستبدلی ثوبا
حتی ترقعیه رواه ابن عدی عن عائشة مرفوعا
وفی اسناده صالح بن حسان وهو متروک قال

جو مال کو جمع نہ کرے (تاکہ) ساتھہ اسکو اپنے کنبے سے وصل کرے
اور امانت ادا کرے اور بسبب اسکے اپنے رب کی خلقت سے بے پرواہ ہو اسکو
ابن حبان نے انس سے مرفوعا روایت کیاہے اور اسکی اسناد مین العلاء بن
مسلمہ ہے اور وہ وضاع ہے اور اسکو بیہقی نے شعب مین روایت کیا ہے **حدیث**
الله تعالے نے دنیا کی طرف وحی کیا ہے کہ خدمت کر اوسکی جو میری خدمت
کرے اور سختی کر اوسپر جو تیری خدمت کرے اسکو خطیب نے ابن مسعود
سے روایت کیاہے اور اسکی اسناد مین الحسین بن داؤد بلخی ہے
اور حدیث موضوع ہے **حدیث** آدمی تین منزل پر ہین پس جو شخص
وہ چیز جو الله تعالے کے پاس ہے طلب کرے آسمان اسکے لیے سایہ اور زمین
فرش ہو جاتی ہے وہ دنیا کے کامون سے کسی شے کا قصد نہین کرتا کہ الله تعالے
سے اوسکا نفس فارغ ہو وہ زراعت نہین کرتا اور روٹی کہاتا ہے وہ باغ
کے بوٹے نہین لگاتا اور میوہ کہاتا ہے اور لمبی حدیث ذکر کی اسکو
ابن حبان نے ابن عمر سے مرفوعا روایت کیاہے اور اونسے ذکر کیاہے
اسکو ابراہیم بن عمر السکسکی نے بنایا ہے **حدیث** جو شخص کسی شے
کی خواہش کرے پہر اوس خواہش کو رد کرے اور اپنے نفس پر اختیار
پاوے اسکے لیے بخشش کیجاتی ہے اسکو دارقطنی نے ابن عمر سے مرفوعا
روایت کیاہے اور یہ موضوع ہے اور متہم ساتھہ اسکے عمرو بن خالد ابو خالد الواسطی ہے
حدیث آسمان کے سایہ کے نیچے کوئی معبود الله تعالے کے نزدیک حرص متبع سے
اعظم نہین ہے اسکو خرائطی نے ابی امامہ سے مرفوعا روایت کیاہے اور یہ
موضوع ہے **حدیث** لعنت کرے الله تعالے اوس فقیر پر جو کسی غنی
کی اوسکے مال کے سبب تواضع کرے اسکو ازدی نے ابی ذر سے مرفوعا روایت
کیاہے اور یہ موضوع ہے **حدیث** اگر تجہکو میری ملاقات
خوش لگے تو غنیون سے مخالطت نہ کر اور نہ اتار کپڑا تاکہ اسکو
ٹکی نہ لگالے اسکو ابن عدی نے عائشہ سے مرفوعا روایت کیاہے اور
اسکی اسناد مین صالح بن حسان ہے اور وہ متروک ہے کہا

في اللآلي الحديث أخرجه الترمذي من طريقه وهو ضعيف لكن لم يكن متهما بكذب وأخرجه الحاكم وصححه والبيهقي في الشعب والطحاوي في مشكل الآثار **حديث** ما بال أقوام يشرفون المترفين ويستخفون بالعابدين ويعملون بالقرآن ما وافق هواهم الخ رواه الطبراني عن ابن مسعود مرفوعا وفي إسناده عمر بن يزيد الرفا وهو متروك **حديث** لكل أمة مفتاح ومفتاح الجنة المساكين والفقراء هم جلساء الله يوم القيمة رواه ابن حبان عن ابن عمر مرفوعا وقال هذا الحديث موضوع **حديث** أنه كان صلى الله عليه وآله وسلم يقول اللهم أحيني مسكينا وأمتني مسكينا واحشرني في زمرة المساكين رواه الدارقطني عن أبي سعيد مرفوعا وفي إسناده يزيد بن سنان عن أبي المبارك والأول متروك والثاني مجهول قال في اللآلي أخرجه ابن ماجة عن أبي بكر بن أبي شيبة وعبد الله بن سعيد قال حدثنا أبو خالد الأحمر عن يزيد بن سنان به قال ويزيد بن سنان قال فيه أبو حاتم محله الصدق وقال الزركشي في تخريج أحاديث الرافعي أساء ابن الجوزي بذكره له في الموضوعات وأقول لم يذكر صاحب اللآلي ما يدفع جهالة أبي المبارك وقد أخرجه الحاكم في المستدرك من حديث أبي سعيد من غير طريقهما وقال صحيح الإسناد

لآلی مین اس حدیث کو ترمذی نے اسکے طریق سے روایت کیا ہے اور یہ ضعیف ہے لیکن متہم کذب سے نہین اور اسکو حاکم نے اور اسنے اسکی تصحیح کی ہے اور بیہقی نے شعب مین اور طحاوی نے مشکل الآثار مین روایت کیا ہے **حدیث** کیا حال ہے ان قومون کا جو نیک لوگونپر جہانکتے ہین اور عابدون کو خفیف جانتے ہین اور اپنی حرص کے موافق ساتھ قرآن کے عمل کرتے ہین الخ اسکو طبرانی نے ابن مسعود سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین عمرو بن یزید الرفا ہے اور وہ متروک ہے **حدیث** ہر امت کے لیے کنجی ہے اور کنجی جنت کی مساکین اور فقرا ہین وہ قیامت کے دن اللہ تعالے کے ہمنشین ہین اسکو ابن حبان نے ابن عمر سے مرفوعا روایت کیا ہے اور کہا یہ حدیث موضوع ہے **حدیث** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہتے تھے اے اللہ مجھے حالت مسکینی مین زندہ رکھ اور مجھے حالت مسکینی مین مار اور مجھے مسکینون کے گروہ مین اٹھا اسکو دارقطنی نے ابی سعید سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین یزید بن سنان ابی المبارک سے روایت کرتا ہے پہلا متروک ہے اور دوسرا مجہول ہے کہا لآلی مین اسکو ابن ماجہ نے ابی بکر بن ابی شیبہ سے اور عبد اللہ بن سعید سے روایت کی ہے کہا ان دونون نے حدیث کی ہمکو خالد الاحمر نے یزید بن سنان سے ساتھ اس کے کہا اور یزید بن سنان اسکے حق مین ابو حاتم نے کہا ہے محل اسکا صدق ہے اور کہا زرکشی نے تخریج احادیث الرافعی مین ابن جوزی نے اس حدیث کو بسبب اسکے موضوعات مین ذکر کرنے سے برائی کی ہے ۔ اور مین کہتا ہون صاحب لآلی نے کوئی ایسی چیز ذکر نہین کی جو جہالت ابی المبارک کی دفع کرے اور حاکم نے مستدرک مین ابی سعید سے غیر ان دونون طرق سے روایت کیا ہے اور کہا صحیح الاسناد ہے

واقرہ الذہبی ورواہ البیہقی فی سننہ من حدیث
نحوہ ورواہ الترمذی فی سننہ من حدیث انس و
قال الحرث بن النعمان المذکور فی اسنادہ قال
فی اللآلی وھذا لا یقتضی الوضع واخرجہ تمام فی
فوائدہ من حدیث عبادۃ واخرجہ ابن عساکر
فی تاریخہ والطبرانی والبیہقی فی سننہ والضیا
فی المختارۃ وصححہ ورواہ الشیرازی فی الالقاب
من حدیث ابن عباس وقال ابن حجر فی التلخیص ھذا
الحدیث رواہ الترمذی من حدیث انس واسنادہ
ضعیف ورواہ ابن ماجۃ من حدیث ابی سعید و
ھو ضعیف ایضا ولہ طریق اخر فی المستدرک
من حدیث عطاء عنہ ورواہ البیہقی من حدیث
عبادۃ بن الصامت واسرف ابن الجوزی
فذکر ھذا الحدیث فی الموضوعات وکانہ
اقدم لما کان مکفیا قال البیہقی ووجہہ عندی
انہ سال حال المسکنۃ التی یرجع معناھا
الی الاخبات والتواضع انتہی **حدیث**
زوج اللہ التوانی بالکسل فولد بینہما الفاقۃ
رواہ الخطیب عن انس مرفوعا لا یصح مرفوعا
وانما یعرف من قول عمرو بن العاص **حدیث**
ما من مؤمن ولا مؤمنۃ الا لہ وکیل فی الجنۃ
فاذا قرأ القرآن بنی لہ القصور وان سبح غرس لہ
الاشجار وان کف کف رواہ الحاکم عن انس
مرفوعا وفی اسنادہ وضاع **حدیث** فکرۃ
ساعۃ خیر من عبادۃ ستین سنۃ رواہ

اور ذہبی نے اسکو ثابت کہا ہے اور بیہقی نے سنن مین اسکی
مثل روایت کی ہے اور ترمذی نے سنن مین انس سے روایت کی ہے
اور کہا حارث بن النعمان جو اسکی اسناد مین مذکور ہے منکر ہے
کہا لآلی مین یہ بات اسکو موضوع ہونے کو نہین چاہتی اور تمام نے
فوائد مین عبادہ سے روایت کی ہے اور ابن عساکر نے تاریخ مین
اور طبرانی اور بیہقی نے سنن مین اور ضیا نے مختارہ مین
روایت کی ہے اور اوسنے اسکی تصحیح کی ہے اور اسکو شیرازی
نے القاب مین ابن عباس سے روایت کی ہے اور کہا ابن حجر نے
تلخیص مین اس حدیث کو ترمذی نے انس سے روایت کیا ہے اور اسناد
اسکی ضعیف ہے اور ابن ماجہ نے ابی سعید سے روایت کی ہے اور وہ بھی ضعیف
ہے اور مستدرک مین اسکے لیے عطا سے اور طریق ہے اور
اسکو بیہقی نے عبادہ بن صامت سے روایت کیا ہے اور ابن جوزی نے
اسراف کیا ہے کہ اس حدیث کو اوسنے موضوعات مین ذکر کیا ہے
گویا اوسنے اسپر اقدام کیا جب اوسنے اس حال کو بیان دیکھا
جسپر نبی صلے اللہ علیہ وسلم فوت ہوے اسلیے کہ وہ اس حال مین کفایت
والے تھے کہا بیہقی نے میرے نزدیک وجہ اسکی یہ ہے کہ آنحضرت نے اس مسکینی
کا سوال کیا جسکے معنی تواضع اور پوشیدگی کے ہین **حدیث**
اللہ تعالے نے توانی کا نکاح سستی سے کر دیا پس ان دونون سے فاقہ پیدا
ہوا ہے اسکو خطیب نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہے یہ مرفوع صحیح
نہین لیکن قول عمرو بن العاص کا مشہور ہے **حدیث**
کوئی مرد مومن یا عورت مومنہ ایسی نہین جسکا وکیل جنت مین نہو
پس جب قرآن پڑہے اسکے لیے محل بنایا جاتا ہے اور اگر تسبیح پڑہے
اوسکیلیے درخت لگائے جاتے ہین اور اگر بند رہے بند کہا جاتا ہے اسکو
حاکم نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین وضاع ہے
حدیث ایک ساعت فکر کرنا ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے اسکو

۳ الحرث منکر یعنی

۴ علیہا لمبا راہ مبانثا المحال التوہمات علیہا النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لانہ

ابو الشيخ عن ابي هريرة مرفوعا وفي اسناده
عثمان بن عبد الله القرشي واسحق بن نجيح
الملطي كذابان والمتهم به احدهما وقد رواه
الديلمي من حديث انس من وجه اخر
حديث من زهد في الدنيا اربعين يوما و
اخلص فيه العبادة اجرى الله على لسانه
ينابيع الحكمة من قلبه رواه ابن عدي عن
ابي موسى مرفوعا وقال منكر وفي اسناده مجهول
ورواه ابن ابي شيبة في مصنفه عن مكحول
فقال بلغنا ان رسول الله صلى الله تعالى
عليه واله وسلم فذكره ورواه الديلمي من حديث
ابي ذر **حديث** اتقوا فراسة المؤمن فانه
ينظر بنور الله رواه ابن عرفة عن ابي سعيد
مرفوعا وفي اسناده محمد بن كثير الكوفي وهو
ضعيف جدا وقد ذكره ابن القيم في موضوعاته
من حديث ابن عمر باسناد فيه متروك ورواه
الطبراني من حديث ابي امامة قال في اللآلي
قلت الحديث حسن صحيح اما حديث ابن عمر
فاخرجه ابن جرير في تفسيره واما حديث ابي سعيد
فاخرجه البخاري في تاريخه والترمذي
من غير طريق محمد بن كثير المذكور واما
حديث ابي امامة فان اسناده على شرط
الحسن هذا معنى كلام صاحب اللآلي وعندي ان
الحديث حسن لغيره واما صحيح فلا ومن
شواهده ما اخرجه ابن جرير في تفسيره

ابو الشیخ نے ابی ہریرہ سے مرفوعًا روایت کیا ہے اور اوسکی اسناد
مین عثمان بن عبد اللہ القرشی اور اسحق بن نجیح الملطی دونون
کذاب ہین اور متہم ساتھہ اسکے ایک ان دونون سے ہے اور اسکو
دیلمی نے انس سے دوسری وجہ سے روایت کیا ہے **حدیث**
جو شخص دنیا مین چالیس دن تک زہد کرے اور اومین خالص عبادت
کرے اللہ تعالےٰ اوسکی زبان پر چشمہ حکمت کا اوسکے دل سے
جاری کر دیتا ہے - اسکو ابن عدی نے ابی موسیٰ سے مرفوعًا روایت
کیا ہے اور کہا منکر ہے اور اس کی اسناد مین مجہول ہے اور
اسکو ابن ابی شیبہ نے مصنف مین مکحول سے روایت کیا ہے
کہا اوس نے ہمکو پہونچا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم
پس اسکو ذکر کیا اور اسکو دیلمی نے ابی ذر سے روایت کیا ہے
حدیث مومن کی فراست سے بچو اسلیے کہ یہ اللہ کی نور
سے دیکہتا ہے - اسکو ابن عرفہ نے ابی سعید سے مرفوعًا روایت
کیا ہے اور اسکی اسناد مین محمد بن کثیر الکوفی ہے اور یہ بہت
ضعیف ہے اور ابن قیم نے اسکو موضوعات مین ابن عمر سے ساتھہ
ایسے اسناد کے جسمین کہ متروک ہین روایت کیا ہے اور اسکو
طبرانی نے ابی امامہ سے روایت کیا ہے کہا لآلی مین کہتا ہون
یہ حدیث حسن صحیح ہے لیکن حدیث ابن عمر کی اس کو
ابن جریر نے تفسیر مین روایت کیا ہے اور حدیث ابی سعید کی
اسکو بخاری نے تاریخ مین اور ترمذی نے غیر طریق محمد
ابن کثیر مذکور سے روایت کی ہے اور حدیث ابی امامہ
کی اسکی اسناد شرط حسن پر ہے - یہ معنے کلام صاحب
لآلی کے ہین - اور میرے نزدیک مدعا یہ ہے کہ یہ حدیث
حسن لغیرہ ہے لیکن صحیح نہین اور اس کے شواہد
سے ہے جس کو ابن جریر نے تفسیر مین

من حدیث ثوبان بنحوه وما اخرجه ابن جریر ایضا والبزار وابن السنی و ابونعیم فی الطب من حدیث انس بنحوه **حدیث** خیار امتی فی کل قرن خمسمائة فالابدال اربعون فلا الخمسمائة ینقصون ولا الاربعون کلما مات رجل ابدل الله من الخمسمائة مکانه رواه الطبرانی قیل لا یصح وفی اسناده من لا یعرف و روی ابن حبان عن ابی هریرة مرفوعا لن یخلو الارض من ثلاثین مثل ابراهیم الخلیل للرحمن بهم یعانون و بهم یرزقون و بهم یمطرون و فی اسناده وضاع و روی الطبرانی عن ابن مسعود مرفوعا ان لله فی الخلق ثلثمائة قلوبهم علی قلب آدم و لله فی الخلق اربعون قلوبهم علی قلب موسی و لله فی الخلق سبعة قلوبهم علی قلب ابراهیم و لله فی الخلق خمسة قلوبهم علی قلب جبریل و لله فی الخلق ثلاثة قلوبهم علی قلب میکائیل و لله فی الخلق واحد قلبه علی قلب اسرافیل فاذا مات الواحد ابدل الله مکانه من الثلاثة ثم هکذا الی باقی الاعداد الخ و فی اسناده مجاهیل و روی ابن عدی عن انس مرفوعا الابدال اثنان و عشرون بالشام و ثمانیة عشر بالعراق الخ وهو من نسخة موضوعة وله طرق عن انس اخرجها الطبرانی والخلال و ابن عساکر و ابونعیم والطبرانی قال فی اللآلی و قد ورد ذکر الابدال ایضا من حدیث علی رضی الله تعالی عنه

ثوبان سے اسکی مثل اور بھی ابن جریر نے اور بزار اور ابن السنی اور ابونعیم نے طب مین انس سے اسکی مثل روایت کی ہے **حدیث** خیار میری امت کی ہر قرن مین پانچ سو ہین اور ابدال چالیس ہین نہ پانچ سو سے کوئی کم ہوتا ہی اور نہ چالیس سے جب کوئی آدمی پانچ سو سے مرتا ہے اللہ تعالی اوسکی جگہ اور بدل دیتا ہے اسکو طبرانی نے روایت کیا ہی کہا گیا ہے صحیح نہین اور اسکی اسناد مین وہ شخص ہے جو معلوم نہین اور ابن حبان نے ابی ہریرہ سے مرفوعا روایت کیا ہی نہین چھوڑتا اللہ تعالی زمین کو تیس ابراہیم خلیل الرحمان جیسون سے بسبب انکے (لوگ) مدد کیے جاتی ہین اور بسبب انکے رزق دیے جاتے ہین اور بسبب انکے مینہ برسائے جاتے ہین اور اسکی اسناد مین وضاع ہی اور طبرانی نے ابن مسعود سے مرفوعا روایت کی ہی اللہ تعالی کے لیے خلقت مین تین سو (آدمی) ہین دل انکے دل آدم علیہ السلام کے ہین اور اللہ تعالی کے لیے خلقت مین چالیس (آدمی) ہین دل انکے دل موسی علیہ السلام کے ہین اور اللہ تعالی کے لیے خلقت مین سات (آدمی) ہین دل انکے دل ابراہیم علیہ السلام کے ہین اور اللہ تعالی کیلیے خلقت مین پانچ (آدمی) ہین دل انکے دل جبرائیل علیہ السلام کے ہین اور اللہ تعالی کے لیے خلقت مین تین آدمی ہین دل انکے دل میکائیل کے ہین اور اللہ تعالی کے لیے خلقت مین ایک آدمی ہی دل اوسکا دل اسرافیل کا ہی پہر جب کوئی تینون سے مرتا ہے اللہ تعالی اوسکی جگہہ دوسرا بدل دیتا ہے پہر ایسا ہی باقی عددون کا حال ہی الخ اور اسکی اسناد مین مجہول ہین اور ابن عدی نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہی ابدال بائیس شام مین ہین اور اٹہارہ عراق مین ہین الخ اور یہ نسخہ موضوعہ سے ہی اور اسکے لیے اور طرق انس سے ہین اونکو طبرانی اور خلال اور ابن عساکر اور ابونعیم اور طبرانی نے نکالا ہے اور کہا لآلی مین ذکر ابدال کا علی سے بھی وارد ہوا ہے + + + + +

وسندہ حسن و من حدیث عوف بن مالک اخرجہ الطبرانی ومن حدیث معاذ اخرجہ ابو عبد الرحمن السلمی فی کتاب سنن الصوفیۃ ومن حدیث ابی الدرداء اخرجہ الحکیم الترمذی فی نوادر الاصول ومن حدیث ابی ہریرۃ اخرجہ ابن حبان فی الضعفاء والخلال فی کرامات الاولیاء ومن حدیث عمر بن الخطاب اخرجہ ابن عساکر فی تاریخہ ومن حدیث حذیفۃ اخرجہ الحکیم الترمذی فی نوادر الاصول وعن ابن عباس موقوفا اخرجہ احمد فی الزہد قال الفتنی فی موضوعاتہ قلت ہو صحیح وان شئت قلت متواتر

حدیث ما علی احدکم ان ینشط اخاہ المسلم بالصلوۃ والصیام والصدقۃ والجہاد والحج یقول انا صائم وانا اقوم اللیل کذا وکذا وانا حاج وقد ادیت فریضۃ الاسلام وانا مجاہد فی سبیل اللہ ویرغب اخاہ وینشطہ لذلک رواہ ابن شاہین عن انس مرفوعا وہو موضوع

حدیث انا نتخوف من العمل من العمل اشد من العمل قیل یا رسول اللہ کیف ذلک قال ان الرجل من امتی یعملہ فی السر فاذا تحدث بہ الناس ینسخ من السر الی العلانیۃ فاذا اعجب بہ نسخ من العلانیۃ الی الریا فیبطل فاتقوا اللہ ولا تبطلوا اعمالکم رواہ الخطیب عن انس مرفوعا وفی اسنادہ کذاب قال فی اللآلی لستا ہد

اور سند اسکی حسن ہے۔ اور عوف بن مالک سے اسکو طبرانی نے روایت کیا ہے اور معاذ سے اسکو ابو عبد الرحمان السلمی نے کتاب سنن الصوفیہ مین روایت کیا ہے اور ابی الدرداء سے اسکو حکیم ترمذی نے نوادر الاصول مین روایت کیا ہے اور ابو ہریرہ سے اسکو ابن حبان نے ضعفاء مین اور خلال نے کرامات الاولیاء مین روایت کیا ہے اور عمر بن الخطاب سے ابن عساکر نے تاریخ مین روایت کیا ہے۔ اور حذیفہ سے حکیم ترمذی نے نوادر الاصول مین روایت کیا ہے اور ابن عباس سے موقوفا احمد نے زہد مین روایت کیا ہے۔ کہا الفتنی نے موضوعات مین مین کہتا ہون یہ صحیح ہے اور اگر مین چاہون تو متواتر کہدون

حدیث تم مین سے کسی پر یہ بات نہین ہے کہ اپنے بہائی مسلمان کو نماز اور روزہ اور صدقہ اور جہاد اور حج سے خوش کرے اسکو کہے کہ مین روزہ دار ہون اور مین رات کو کہڑا ہوتا ہون اس طرح اس طرح اور مین حاجی ہون اور مینے فرض اسلام کا ادا کیا ہے اور مین اللہ تعالے کے راستہ مین جہاد کرتا ہون اور اپنے بہائی کو رغبت دلائے اور اوسکے لیے اسکو خوش کرے اسکو ابن شاہین نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہے اور یہ موضوع ہے

حدیث مین عمل سے زیادہ تر عمل سے خوف کرتا ہون کہا لوگون نے یہ کسطرح ہے یا رسول اللہ فرمایا ایک آدمی میری امت سے پوشیدگی مین کوئی کام کرتا ہے پہر جب وہ لوگون سے بیان کرتا ہے تو اوسکو پوشیدگی سے ظاہر کی طرف نسخ کرتا ہے پہر جب اوسکو پسند کرتا ہے تو ظاہر سے ریا کی طرف نسخ کرتا ہے پس وہ باطل ہوجاتا ہے پس ڈرو اللہ سے اور اپنے عملون کو باطل نکرو اسکو خطیب نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین کذاب ہے کہا لآلی مین انکے لیے شاہد ہے

متن

اخرجه البیهقی فی الشعب عن ابی الدرداء
قال قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم فذکر
نحوه وکذا رواه الدیلمی **حدیث** ان
الله خلق سبعة املاک لکل سماء ملکا ثم
ذکر ان الحفظة اذا رفعت عمل العبد قال الاول
من السبعة وهو الذی فی سماء الدنیا اضرب
بهذا العمل وجه صاحبه قل لا غفر الله لک
انا صاحب الغیبة من اغتاب الناس لم ادع
عمله یتجاوزنی الی غیری و ذکر حدیثا طویلا
رواه الحاکم عن معاذ مرفوعا وهو موضوع
حدیث لا توتونی بنیاتکم ولا تلاقونی
باعمالکم قال ابن تیمیة موضوع **حدیث**
نیة المومن خیر من عمله قال ابن دحیة لا
یصح وقال البیهقی اسناده ضعیف وله شواهد
حدیث التائب من الذنب کمن لا
ذنب له قال فی الذیل رجال اسناده ثقات
وقد حسنه شیخنا لشواهده **حدیث**
حسنات الابرار سیئات المقربین قال فی
الذیل هو من کلام ابی سعید الخراز وقد رواه
ابن عساکر فی ترجمته **حدیث** من
خاف الله خاف منه کل شیء قال فی الذیل
فی الباب عن جماعة یقوی بعضها بعضا
حدیث لا تنظر الی صغر المعصیة ولکن
انظر الی عظمة من تعصیه فی اسناده وضاع
حدیث لن یصعد الملائکة الی الله بافضل

ترجمہ

اسکو بیہقی نے شعب مین ابی الدرداء سے نکالا ہے کہا اونے
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس اسنے اوسکی مثل بیان
کیا اور ایسا ہی دیلمی نے روایت کیا ہی **حدیث** اللہ تعالی نے
سات فرشتے پیدا کیے ہین ہر ایک آسمان کے لیے ایک فرشتہ پھر اونسنے
ذکر کیا کہ جب نگہبان بندون کے عمل اوٹھاتے ہین پہلا اون ساتون
سے کہتا ہے اور آسمان دنیا مین ہے، مار دو اسکے عمل کو اوسکے صاحب
کے منہ پر کہہ اللہ تجھے بخشش نہ کرے مین صاحب غیبت کا ہون جو شخص
آدمیون کی غیبت کریگا مین اسکے عمل نہ چھوڑونگا کہ غیر کیطرف تجاوز
کرین اور اونسنے لمبی حدیث ذکر کی اسکو حاکم نے معاذ سے مرفوعا
ذکر کیا ہی اور یہ موضوع ہی **حدیث** میری ملاقات اپنی
نیتون سے کرو اور اپنے عملون سے میری ملاقات نہ کرو کہا ابن
تیمیہ نے موضوع ہے **حدیث** نیت مومن کی اوسکے عمل
سے بہتر ہے کہا ابن دحیہ نے صحیح نہین اور کہا بیہقی نے اسناد
اسکی ضعیف ہی اور اسکے لیے شواہد ہین **حدیث** گناہ سے توبہ
کرنیوالا مثل اسکی ہے جسکا کوئی گناہ نہ ہو کہا ذیل مین اسکی
اسناد کے راوی ثقہ ہین اور ہمارے شیخ نے اسکو بسبب اسکے
شواہد کے حسن سمجھا ہی **حدیث** پاک لوگون کی نیکیان
مقربین کی برائیان ہین کہا ذیل مین یہ کلام ابی سعید الخراز کا
ہے اور اس کو ابن عساکر نے ترجمہ مین روایت کیا ہی
حدیث جو شخص اللہ تعالے سے خوف کرے اوس سے ہر شے خوف
کرتی ہے کہا ذیل نے باب مین جماعت سے مروی ہے
بعض اسکی بعض کو قوت دیتی ہی **حدیث** گناہ کے صغر
کی طرف نظر نہ کر لیکن اس شخص کی بڑائی کیطرف دیکھ جسکی برائی
کرتا ہے اسکی اسناد مین وضاع ہے **حدیث** فرشتے نہین
لیجاتے اللہ تعالے کیطرف کوئی شے جو افضل ہو سحری کے وقت

من بكاء العبيد ونوحهم على انفسهم بالاسحار
في اسناده ابو عصمة نوح بن نصر وفي حديثه
نكارة **حديث** من بكى على ذنب في
الدنيا حرم الله ديباجة وجهه على جهنم هو
من نسخة موضوعة **حديث** اذا بلغ
الرجل اربعين سنة ولم يتب مسح الشيطان
وجهه وقال بابي وجه لا يفلح قال في المختصر
لم يوجد **حديث** يعجب ربك من
الشاب ليس له صبوة في اسناده ابن لهيعة
حديث ان لكل شئ معدنا ومعدن
التقوى قلوب العارفين قال الصغاني
موضوع **حديث** اتقوا مواضع التهم قال
في المختصر لم يوجد **حديث** تفكر ساعة
خير من عبادة سنة ذكره ابن الجوزي في
الموضوعات وفي رواية لابن حبان ستين سنة و
في رواية للديلمي ثمان سنة وفي لفظ الف
سنة **حديث** خير الامور اوسطها
رواه البيهقي معضلا **حديث** ان العبد
لينشر له من الثناء ما بين المشرق والمغرب و
ما يزن عند الله جناح بعوضة قال في
المختصر لم يوجد لكن في الصحيحين معناه
حديث من اجلال الله ومعرفة حقه
ان لا تشكو وجعك ولا تذكر مصيبتك قال
في المختصر لم يوجد **حديث** اني انا الله
لا اله الا انا من لم يصبر على بلائي ولم يرض

آنسوؤن کے رونے اور نوحہ سے اپنی نفسون پر اسکی اسناد مین ابو عصمہ
نوح بن نصر ہے اور اوسکی حدیث مین نکارت ہی **حدیث**
جو شخص دنیا مین اپنے گناہ پر روئے اللہ تعالے اوسکے منہ کے
رخسارے کو دوزخ پر حرام کر دیتا ہے یہ نسخہ موضوعہ سے
ہے **حدیث** جب آدمی چالیس سال تک پہونچ جاوے
اور توبہ نہ کرے تو شیطان اوسکے منہ پر مسح کرتا ہے اور کہتا قسم ہے
میرے باپ کی کسی وجہ سے خلاصی نہین پاتا کہا مختصر مین
نہین پائی گئی **حدیث** اللہ تعالے اوس جوان سے تعجب
کرتا ہی جسکو جوانی کی طرف میلان نہ ہو اسکی اسناد مین ابن
لہیعہ ہی **حدیث** ہر شے کے لیے معدن ہو اور پرہیزگاری کی
معدن عارفون کے دل ہین کہا صغانی نے موضوع
ہے **حدیث** تہمتون کی جگہ سے بچو کہا مختصر مین نہین پائی
گئی **حدیث** ایک ساعت فکر کرنا ایک برس کی عبادت
سے بہتر ہے اسکو ابن جوزی نے موضوعات مین ذکر کیا ہے اور
روایت ابن حبان مین ساٹھہ برس کا ذکر ہے اور روایت دیلمی
مین آٹھہ برس کا اور ایک لفظ مین ہزار برس کا **حدیث**
بہتر کامون کا اونکا بیچ کا ہے اسکو بیہقی نے معضلا بیان
کیا ہے **حدیث** آدمی کی صفت درمیان مشرق اور
مغرب کے منتشر کی جائیگی حالانکہ اللہ کے نزدیک مچھر کے پر کے
برابر وزن نہ رکھتی ہوگی کہا مختصر مین نہین پائی گئی لیکن
صحیحین مین اس کے معنے ہین **حدیث** اللہ تعالے
کی بزرگی اور اوس کے حق کی معرفت سے یہ ہی کہ تو اسکے
درد کا شکوہ نہ کرے اور اپنی مصیبت کا ذکر نہ کرے کہا
مختصر مین نہین پائی گئی **حدیث** تحقیق مین ہی معبود
نہین کوئی معبود مگر مین جو شخص میری بلا پر صبر نکرے اور میری قضا پر

بقضائی ولم یشکر نعمائی فلیتخذ ربا سوائی
قال فی المختصر لم یوجد حدیث ابی الله
ان یرزق عبده المؤمن الا من حیث لا یعلم
قال الصغانی موضوع وذکره ابن الجوزی فی
الموضوعات حدیث لا تغضبوا فی کسر
الآنیة فان لها اجالا کاجال البهائم اسناده
ضعیف وله شواهد حدیث الزهد
والورع یجولان فی القلب کل لیلة فان صادفا
قلبا فیه الایمان والحیاء اقاما فیه والا ارتحلا
قال فی المختصر لم یوجد حدیث خیار
امتی احداؤها وروی بزیادة الذین اذا غضبوا
رجعوا قال فی المختصر ضعیف وروی الحدة
تعتری خیار امتی قال فی المقاصد فیه سلام
ابن سالم متروک وله ذکر له طرقا والفاظا مختلفة
وروی المؤمن سریع الغضب سریع الرضا ذکره
الغزالی فی الاحیاء قال العراقی فی تخریجه انه
لم یجده حدیث الاکل مع الخادم من
التواضع من اکل معه اشتاقت له الجنة
قال فی الذیل هو من کتاب العروس الواهی
الاسانید حدیث اذا تواضع العبد رفعه
الله الی السماء السابعة قال فی المختصر ضعیف
وفی لفظ ان التواضع لا یزید العبد الا رفعة
فتواضعوا رحمکم الله قال ایضا هو ضعیف
وروی اذا رأیتم المتواضعین من امتی فتواضعوا
واذا رأیتم المتکبرین فتکبروا علیهم فان ذلک

راضی نہو اور میری نعمتوں کا شکر نہ کرے بس چاہیے کہ سوائے
میرے کوئی اور رب پکڑے کہا مختصر میں نہیں پائی گئی حدیث
اللہ تعالے نے آدمی مومن کو رزق دینے سے انکار کیا ہے مگر اوسجگہ سے
کہ وہ نہیں جانتا کہا صغانی نے موضوع ہے اور ابن جوزی نے
اسکو موضوعات میں ذکر کیا ہے حدیث برتنوں کو ٹوٹنے میں غضبناک
نہو جیو اسلیے کہ انکو لیے مدت مقرر ہے مثل مدت چہار پایوں کی
اسناد اسکی ضعیف ہے اور اسکے لیے شواہد ہیں حدیث زہد اور ورع
ہر رات دل میں پہرتے ہیں پہر اگر کسی دل کو پائیں جسمیں ایمان اور
حیا ہو دونوں اوسمیں اقامت کرتے ہیں ورنہ کوچ کر جاتے ہیں کہا
مختصر میں نہیں پائی گئی حدیث پسندیدہ لوگ میری امت
کے تیز مزاج ہیں اور زیادتی سے بھی مروی ہے کہ وہ لوگ جب غضبناک ہوتے
ہیں تو لوٹتے ہیں کہا مختصر میں ضعیف ہے اور مروی ہے تیزی میری
خیار امت کے لوگوں پر چڑہتی ہے کہا مقاصد میں اسمیں سلام بن سالم
متروک ہے اور اسکے لیے اوسنے طرق اور الفاظ مختلفہ ذکر کیے ہیں
اور مروی ہے مومن سریع الغضب ہے اور سریع الرضا ہے اسکو غزالی
نے احیا میں ذکر کیا ہے کہا عراقی نے تخریج میں یہ مینے نہیں پائی
حدیث خادم کے ساتھہ کہانا تواضع سے ہے جو شخص خادم
کے ساتھہ کہائے اوسکے لیے جنت مشتاق ہوتی ہے کہا ذیل میں
یہ کتاب العروس سے ہے جسکے اسانید واہی ہیں حدیث
جب آدمی تواضع کرتا ہے اوسکو اللہ تعالے ساتوین آسمان
تک بلند کرتا ہے کہا مختصر میں ضعیف ہے اور ایک لفظ
میں تواضع میں جسقدر آدمی زیادتی کرتا ہے اللہ تعالے اوسکو
بلند کرتا ہے پس تواضع کرو اللہ تعالے تمپر رحم کریگا کہا یہ بھی ضعیف
ہے اور مروی ہے جب تم میری امت میں تواضع کرنیوالوں کو دیکھو تو تواضع
کرو اور جب تم متکبرین کو دیکھو تو اونپر تکبر کرو اسلیے کہ یہ ++

مذلة وصغار قال ایضا غریب حدیث
الشوم سوء الخلق قال فی المختصر لا یصح حدیث
ان النبی صلی الله علیه و اله وسلم البس الخرقة
علی الصورة المتعارفة عند الصوفیة باطل
لا اصل له قال ابن حجر لم یرد فی خبر صحیح ولا
حسن ولا ضعیف ان النبی صلی الله تعالی
علیه و اله وسلم البس الخرقة علی الصورة المتعارفة
بین الصوفیة احدا من اصحابه ولا امر احدا
من اصحابه یفعل ذلک وکلما یروی فی ذلک
صریحا فهو باطل وقال من المفتری ان علیا
البس الخرقة الحسن البصری فان ائمة الحدیث
لم یثبتوا للحسن من علی سماعا فضلا عن ان
یلبسه الخرقة وقد صرح بمثل ما ذکره
ابن حجر جماعة من الحفاظ کالدمیاطی والذهبی
وابی حیان والعلائی والعراقی وابن ناصر
حدیث ان من عباد الله من لو اقسم علی
الله لابره هو موضوع ولکن ورد بنحوه فی حدیث
من اقسم انها لا تکسر ثنیة الربیع والقصة
فی الصحیح حدیث من تشبه بقوم فهو
منهم ذکره فی المقاصد وهو فی سنن ابی داود
وغیرها حدیث انها تنزل الرحمة عند
ذکر الصالحین قال العراقی وابن حجر لا اصل له
حدیث الغناء واللهو ینبتان النفاق
فی القلب کما ینبت الماء العشب رواه الدیلمی
قال النووی لا یصح حدیث ان ابا محذورة و

اونکی ذلت ہی اور حقارت ہی کہا یہ بھی غریب ہی حدیث
شوم ہی بری خلق والا ہی کہا مختصر مین یہ صحیح نہین حدیث
نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ خرقہ جسکی صورت صوفیون کے
نزدیک معروف ہی پہنایا ہے باطل ہی اسکا کچھہ اصل نہین
